20/03/2026 07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کا بلیٹن لےکر مینسنجو کمار

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*LPG کا وافر سٹاک موجود// ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ پر قابو پانے کےلئے کئے جارہے ہیں خاطر خواہ اقدامات// وزارت پیٹرولیم۔ ........ ملک میں

*....... پورے بر صغیر کے ساتھ ساتھ کل جموں کشمیر میں بھی منائی جا رہی ہے عید الفطر کی تقریب سعید // ایل جی منوج سنہا اور دیگر اہم شخصیات کی لوگوں کو مبارک باد ۔

*....... سرینگر میں 14 اور 15 اپریل کو ٹریول مارٹ 2026 کا ہو گا انعقاد۔

اور

*....... بھارت نے پاکستان کے ساتھ سندھ طاس آبی معاہدے کو فی الحال معطل رکھنے کا دہرایا عزم ۔

LPG

مکمل طور سے کام کر رہی ہے اور ان Refineries مرکزی سرکار نے کہا ہے کہ ملک میں تمام میں خام تیل کا وافر سٹاک موجود ہیں۔ پیٹرولیم اور نیچرل گیس وزارت میں جوائنٹ سیکریٹری سجاتا شرما نے آج نئی دلی میں مغربی ایشیاءکی صورتحال کے چلتے ایک بین وزارتی بریفنگ کے دوران کہا کہ گھریلو LPG پیدا وار بھی معمول کے مطابق ہو رہی اور اس کابھی وافر سٹاک تقسیم LPGموجود ہے۔ انہوننے کہا کہ پچھلے ایک ہفتے کے دوران صارفین میں11ہزار3سو ٹن کی گئی۔ انہوننے کہا کہ رسوئی گیس کی ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ پر قابو پانے کےلئے کارروائی جا ری ہے۔

عید

پورے بر صغیر کے ساتھ ساتھ جمونکشمیر میں بھی کل عید الفطر کا تہوار مذہبی جوش و خروش اور تذک و احتشام کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ عید کے پیش نظر آج وادی کے بازاروں میں زبردست گھما گھمی رہی اور لوگ دن بھر اشیائے ضروریہ کی خرید و فروخت میں مصروف رہے ۔ کل پورے جموں کشمیر میں نماز عید کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہو رہے ہیں اور ان کے احسن انعقاد کے لئے انتظامیہ نے تمام تر انتظامات مکمل کئے ہیں ۔

عید نماز

نماز عید کا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرتبل میں منعقد ہو گا جہاں نماز عید صبح ساڑھے دس بجے ادا کی جائے گی ۔ آثار شریف جناب صاحب صورہ ،زیارت مخدوم صاحب سرینگر اور مسجد علمدار ِکشمیرچرار شریف میں صبح 10بجے نماز عید ادا کی جائے گی۔ اسی طرح زیارت حضرت پیر دستگیر صاحب خانیار سرینگر، زیارت حضرت میر سید یعقوب صاحب سونہ وار سرینگر ، آثار شریف کعبہ مرگ ، مرکزی عید گاہ جنگلات منڈی اننت نا گ، مرکزی عید گاہ اونتی پورہ پلوامہ اور مسجد جامع با با حنیف الدین ریشی رٹھسن بیروہ میں صبح ساڑھے9بجے،خانقاہ معلی سرینگر میں صبح11بجے، آثار شریف شہری کلاشپورہ ، عالی مسجد عید گاہ سرینگر اور آثار شریف پیٹھ مکہامہ بیروہ اور مرکزی جامع مسجد شریف اچھن پلوامہ اور مرکزی جامع مسجد دُدر ہامہ گاندربل میں صبح 9بجے ، مرکزی جامع ہمدانیہ دھرم بُگ کرالہ پورہ میں پونے 9بجے جبکہ مسجد شریف حضرت سید محمد جانباز ولی رفاعی بارہمولہ میں نماز عید صبح سوا9بجے اد ا کی جائے گی۔

مبارک باد

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے عید الفطر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں ایل جی نے کہا کہ مقدس ماہ رمضان کے اختتام پر منائے جانے والا یہ تہوار روحانی اور سماجی اعتبار سے کا فی اہم ہے ۔ انہوننے کہا کہ آج کے دن ہمیں خدمت خلق کے جذبے کو اپنے پیوست کرنے کا عہد کرنا چاہئے۔ انہوں نے دعا کی کہ عید کا یہ مقدس تہوار ہم سب کے لئے امن و امان ، ترقی اور خوشحالی کی نوید لے کر آئے ۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی عید الفطر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ مسرت کی اس گھڑی میں غریبوں اور ناداروں کی ضروریات کا بھی خاص خیال رکھیں۔ نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری ، کابینی وزیر سکینہ ایتو، جاوید ڈار ، ستیش شرما اور جاوید رانا،جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے بھی لوگوں کو عید الفطر کی مبارک باد دی ہے ۔

پیکیج

عید الفطر کی آمد کے موقعہ پر سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات اور دیگر کئی افراد نے لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔ وادی کے ایک شاعر ممتاز مجید نے عید کی مبارک باد کے سلسلے میں کچھ اشعار لکھے ہیں جن کو نامور گلو کار اسد انجم نے اپنی آواز دی ہے ۔ پیش ہیں یہ اشعار اور کچھ شخصیات کے عید پیغامات ۔

------Package----

سابق وزیر اعلیٰ غلام نبی آزاد نے عوام کے نام اپنے عید پیغام میں کہا ۔

------BYTE-------

سیاسی مبارک

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ ،پارٹی کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر، ممبر پارلیمنٹ چودھری محمد رمضان ، ترجمان اعلیٰ تنویر صادق، صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت میر، صوبائی صدر جموں رتن لال گپتا، پی ڈی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی لیڈر الطاف ٹھاکر، سیاست دان ظفر اقبال منہاس BJPجموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین، JDU، نے بھی جمونکشمیر کے عوام کو عیدکی مبارکباد دی ہے-

جن دیگر شخصیات نے عوام کو عید کی مبارک باد دی ہے ان مینجمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی، پی ڈی ایف کے صدر حکیم محمد یاسین ،ڈائریکٹر سریکلچر اعجاز ویلفیئر سوسائٹی عید گاہ سرینگر کے چیرمین شیخ ماجد، نیشنل کانفرنس ٹریڈ یونین JKاحمد بٹ ، سیل کے کنوینر غلام محمد ہمدرد، ساگر کلچرل فورم ژکر پٹن کے صدر ساگر نذیر ، جے اینڈ کے ویلفیر ٹرسٹ کے چیرمین شوکت احمد لون شامل ہےں-Blind

ریڈیو مبارک

آکاشوانی سرینگرکے سربراہ گربیندر سنگھ، پروگرام سربراہ غلام رسول آخون، سینئر پروگرام ایگزیکیوٹیو ڈاکٹر ستیش وِمل اور شعبہ خبر کے عملے نے بھی جمونکشمیر کے عوام کو عید الفطر کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیاہے ۔

پولیس مبارک

IGP جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک، اور ACBڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات ، کشمیر وی کے بردی اور جموں کشمیر پولیس کے دیگر افسروں نے بھی لوگوں کو عید مبارک پیش کی ہے ۔

انشل مبارک

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے بھی عید الفطر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں انہوننے کہا کہ یہ تہوار اپنے ساتھ امن اور آپسی بھائی چارے کا پیغام لے کر آتا ہے۔

رمضان

آج ماہ رمضان المبارک کی30 تاریخ ہے اور یہ مہینہ اب ہم سے رخصت ہورہا ہے۔ ماہ رمضان کے اختتام اور عید الفطر کے آمد کے موقع پر جموں کشمیر کے مفتی اعظم مفتی ناصر الاسلام نے اپنے پیغام میں کہا۔

------BYTE------

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong-----

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

نوروز ِعالم

دریں اثناءنوروز عالم کی تقریب سعید بھی کل مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ ، نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ اور پارٹی کے کئی دیگر لیڈروں نے لوگوں کو نو روز عالم کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ اور کا بینہ وزراءنے بھی لوگوں کو نو روز کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوننے کہا کہ اسطرح کے تہواروں سے آپسی روادار ی کے رشتے مزید مستحکم ہو تے ہیں۔

عمر

کی Travel Mart 2026 جموں کشمیر ٹورازم محکمہ 14 اور 15 اپریل کو سرینگر میں کشمیر میزبانی کرے گا ۔ جس میں بیس ریاستوں سے تعلق رکھنے والے 250 مندو بین شرکت کر رہے ہیں ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جانکاری دی ہے کہ اس پروگرام کے دوران جموں کشمیر کے سیاحتی وسائل کو فروغ دینے میں مدد ملے گی اور یہاں کے بے مثال ثقافتی ورثے ، خوبصورتی اور مہمان نوازی جیسے اقدار کو بڑے پیمانے پر اجا گر کیا جائے گا ۔

وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ اس پروگرام کا مقصد جموں کشمیر کو سیاحتی اعتبار سے دوام بخشنے کے ساتھ ساتھ ایک عالمی سطح کے مرکز کے طور پر ابھارنا بھی شامل ہے ۔

زُبیر

طبی ماہرین نے بزرگوں کو ماہِ رمضان کے بعد خصوصاً عید کے روز کھانے پینے میں احتیاط برتنے کی صلاح دی ہے ۔ اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر اور معزز شہریوں کے لئے کام کرنے والی سرکار کے ساتھ رجسٹرڈ شدہ غیر سرکاری تنظیم مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

........Dr. Zubair............

سندھ

بھارت نے اپنے اس عزم کو دوہرایا ہے کہ جب تک پاکستان دہشت گردی کی حمایت ختم نہیں کر دیتا،
ا

---

س وقت تک پاکستان کے ساتھ سندھ آبی معاہدہ معطل رہے گا۔±

پاکستان کو دہشت گردی کا ایک عالمی مرکز قرار دیتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے پی ہریش نے کہا کہ پاکستان کو معاہدے سے متعلق اپنی تشویش کے بارے میں بتانے سے پہلے انسانی زندگی کے تقدس کو برقرار رکھنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے کے ایک نیک ارادے کے ساتھ 1960 میں سندھ آبی معاہدے پر دستخط کیے تھے، لیکن پاکستان نے جنگوں اور دہشت گردانہ حملوں کے ذریعے اسے نقصان پہنچایا۔ بھارت نے پچھلے سال کے پہلگام حملے کے بعد اس معاہدے کو معطل کر دیا تھا۔

شکیل

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کی انتظامیہ نے سماجی و اقتصادی طور پسماندہ کنبوں سے تعلق رکھنے والے ادارے میں زیر تعلیم طالب علموں کو مالی مدد فراہم کرنے کے لئے ایجوکیشن فنڈ قائم کیا ہے ۔

یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو ،جو کہ ان دنوں فرانس کے شہر پیرس میں ہیں ، نے وہاں سے اس فنڈ کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

---Prof Shakeel ---

اطلاع

اور اب ہمارے نیوز بلیٹنز سے متعلق ایک اطلاع۔ کل سے شام6بجکر25منٹ پر نشر ہونے والا15منٹ کا کشمیری خبروں کا بلیٹن جس کے اوقات میں ماہ رمضان کے پیش نظر تبدیلی لائی گئی تھی اب معمول کے مطابق6بجکر25منٹ پر نشر ہو ا کرے گا۔

سیاسیGong

*........اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کے بیانا ت پر مبنی خبریں۔

----Gong----

ست شرما

بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج جموں میں ریہاڑی ۔ بخشی نگر منڈل کے پنڈت دین دیال اُپادیائے پرشکشن مہا ابھیان2026 کے تحت منعقدہ ایک تربیتی کیمپ سے خطاب کیا۔

انہوں نے کہا کہ بی جے پی جمہوریت کی جڑیں مستحکم کرنے اور قوم کی ترقی کو یقینی بنانے کےلئے وعدہ بند ہے تقریب سے بی جے پی کی نائب صدر پریا سیٹھی اور کئی دیگر لیڈروں نے بھی خطاب کیا۔

بی جے پی

بی جے پی جمونو کشمیر مہیلا مورچہ کی صدر نیہا مہاجن کی صدارت میں آج جموں میں پارٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں ممبر پارلیمنٹ اور بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر ست شرما اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

اُدھر بی جے پی کے سٹیٹ نائب صدر راکیش مہاجن نے راجوری انتظامیہ کے ساتھ ایک میٹنگ کی ا ور عوامی نوعیت کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

شاہین

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے نئی دلی میں سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت کے ساتھ ملاقات کی اور جموں کشمیر میں سیاحتی سیکٹر کو بحال کرنے اور اسے بڑھاوا دینے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا ۔ جی ایم شاہین نے جموں کشمیر میں سیاحتی سیکٹر کے لئے ایک خصوصی پیکیج کا مطالبہ بھی وزیر موصوف کے سامنے رکھا ۔

پولیس Gong

*.......اب پیش ہیں منشیات کے خلاف پولیس اور دیگر عوام دوست سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----Gong----

کشمیر پولیس

پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جا ری رکھتے ہوئے اونتی پورہ میں دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دورانجموں وکشمیر میناکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت14 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت6 اعشاریہ3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 23اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 33 منٹ اور

غروب آفتاب شام6 بجکر44منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔

.............................................

.............................

.........